باب ۱۸

Chapter 18

# حج وعمرہ سے متعلق اذکار

# ADHKAR FOR HAJJ AND UMRAH

## ۲۰۳۔احرام کی دعا

احرام باندھنے کی نیت کرنے سے پہلے حمد وثنا اور تسبیح وتکبیر کہنی چاہیئے۔ پھر حج یا عمرہ یا دونوں، جس کا ارادہ ہو اسکی نیت لفظوں میں کریں، اور تلبیہ پڑھیں. (بلند آواز لبیک اللّٰھمّ لبیک پکارنے کو تلبیہ کہتے ہیں)

## 203.Supplication for Ahram

Before donning the twin pieces of unsewn cloth (Ahram) used for performing Hajj or Umrah, one should praise Allah and then express his intentions to perform Hajj or Umrah as the case may be and then recite, Talbiah.

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا اَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ، "لَبَّیْکَ ، اَللّٰهُمَّ لَبَّیْکَ ، لَبَّیْکَ لَا شَرِیکَ لَکَ لَبَّیْکَ ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکِ ، لَا شَرِیْکَ لَکَ ، (بخاری)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے تلبیہ کے الفاظ یہ تھے:"میں حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں بیشک تعریف تیرے ہی لئے ہے اور نعمتیں تیری ہی دی ہوئی ہیں اور ملک تیرا ہی ہے تیرا کوئی شریک نہیں"۔ (بخاری)

نوٹ: مردوں کو تلبیہ بلند آواز سے اور عورتوں کو آہستہ آواز سے پڑھنا چاہیے۔

Abdullah bin Umar رضی اللہ عنہما narrated: The Messenger of Allah

ﷺ recited Talbiah with these words, " Ever at Your service, O Allah! Ever at Your service. Ever at Your Service, You have no partner, Ever at Your service. Verily all praise, blessings and dominions are Yours. You have no partner. (Bukhari)

Note; Men should recite talbiah in a louder voice and women in a softer voice .

## ۲۰۴۔مکّہ مکرمہ میں داخل ہونے کی دعا

مکّہ مکرمہ میں داخل ہونے پر وہی دعا پڑھنا مسنون ہے جو دوسرے بستیوں میں داخل ہوتے وقت پڑھی جاتی ہے، باب نمبر ۱۷ دعا نمبر ۲۰۰ پڑھیں۔

## 204.Supplication for entering in Makkah Mukaramah

It is best to read the supplication, that you would recite when entering any city, while you enter Makkah Mukaramah.

Please see chapter No. 17 supplication No. 200 .

## ۲۰۵۔حدودِ حرم میں داخلے کی دعا

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْـدَهٗ لَاشَـرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىءٍ قَدِيرٌ.

(مسنداحمد، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما)

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں بادشاہت اسی کیلئے ہے اور سب تعریف اسی کو زیبا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

## 205. Supplication for entering the boundary of Al-Haram

None has the right to be worshipped except Allah alone, without partner. To Him belongs all sovereignty and praise and He is over all things omnipotent.

(Musnad Ahmad, Abdulllah Bin Umarرضی اللہ عنہما )

## ۲۰۶۔حرم شریف میں داخل ہونے کی دعا

حرم میں داخل ہونے کی کوئی مخصوص دعا رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں، البتہ عام مسجدوں میں داخل ہوتے وقت جو دعا پڑھی جاتی ہے وہی پڑھنی چاہئے۔ اسکے لیے باب نمبر۱۴ دعا نمبر۱۱۳ دیکھیں۔

## 206. Supplication for entering the sanctuary of Al-Haram

There is no specific supplication for entering the sanctuary of Haram related to the Messenger of Allahﷺ for this occasion. Hence one should supplicate the way one does while entering any other masjid.

Note: Please see chapter No.14 supplication No.113

## ۲۰۷۔بیت اللہ کو دیکھنے کی دعا

عَنْ سَعِيْدِ بْنَ مُسَيَّبٍ رَضِی اللّٰہُ عَنْہُ، اَنَّہُ کَانَ حِیْنَ یَنْظُرُ اِلَی الْبَیْتِ یَقُوْلُ، " **اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ فَحَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ.** " (شافعی)

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ جب بیت اللہ شریف کی طرف دیکھتے تو فرماتے "تو سراپا سلامتی ہے اور سلامتی تجھی سے حاصل ہوسکتی ہے، اے ہمارے پروردگار! ہمیں سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ۔" (شافعی)

## 207. Supplication to recite upon seeing the Ka'bah.

Whenever Saeed Bin Mussiyub رضی اللہ عنہ would see the Ka'bah he would say,"You are the completeness of peace, and peace can only come from you . O Lord, let us live with peace ."

(Shafai)

## ۲۰۸۔ حجرِ اسود کا استلام (ہاتھ سے چھو کر ہاتھ کو بوسہ دینا)

عَنْ عَبْدُاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ رَضِی اللّٰهُ عَنهُمَا اَنَّ النَّبِیُّ ﷺ کَانَ یَاْتِی الْبَیْتَ فَیَسْتَلِمَ الْحَجَرَ وَ

یَقُولُ، "**بِسْمِ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ اَکْبَرُ.**" (مسنداحمد)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ بیت اللہ شریف (کے طواف کے لیے)

تشریف لاتے تو حجرِ اسود کا استلام کرتے اور فرماتے "بِسْمِ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ اَکْبَرُ." (مسنداحمد)

## 208. Supplication for Astalaam of Hajr-e-Aswad

(kissing your hand after touching the Black Stone)

Abdullah Bin Umar رضی اللہ عنہما narrated: When ever the Messenger of Allah ﷺ came to the ka'bah ( for Tawaf) He would do Astlaam of Hajr-e-Aswad and say " In the name of Allah, Allah is the Greatest." (musnad Ahmed)

### ۲. دوسری دعا

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِی اللّٰهُ عَنهُمَا اَنْ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ طَافَ بِالْبَیْتِ وَهُوَ عَلَی بَعِیرٍ کُلَّمَا اَتَی عَلَی

الرُّکْنِ اَشَارَ اِلَیْهِ بِشَیْءٍ فِی یَدِهِ وَ "**کَبَّرَ۔**" (بخاری)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیت اللہ شریف کا طواف اونٹ پر

بیٹھ کر کیا۔ جب بھی آپ ﷺ حجرِ اسود کے پاس آتے تو آپ ﷺ کے ہاتھ میں جو چیز تھی (یعنی چھڑی) اس سے اشارہ کرتے اور ''اللہ اکبر'' کہتے۔ (بخاری)

## Second supplication.

Abdullah Bin Abbas رضی اللہ عنہما narrated: The Messenger of Allah performed Tawaf while sitting on a camel. Whenever he would approach the Hajr-e-Aswad, using whatever was in his hand, he would point towards the Stone and say "Allah is the Greatest." (Bukhari)

**۲۰۹۔ رکن یمانی کے پاس یہ دعا پڑھیں**

**بِسْمِ اللّٰهِ ، اَللّٰهُ اَكْبَرْ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ، وَالْعَافِيَةَ ،فِی الدُّنْيَا ،وَالْاٰخِرَةَ .** (ابن ماجہ)

اللہ کا نام لے کر جو بہت عظیم ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے دنیا و آخرت میں معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔

(ابن ماجہ)

## 209. Supplication to make near Rukun-e-Yamaani

In the name of Allah, and Allah is the greatest. O Allah! I beg You for forgiveness and well being in this world and the hereafter." (Ibn Majah)

## ۲۱۰۔رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان دعا

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ السَّائِبِ رَضِی اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ یَقُولُ، مَا بَیْنَ الرُّکْنَیْنِ **"رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً، وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً ،وَّقِنَا عَذَابَ النَّار."** (ابو داؤد)

حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ کو رکن، یمانی اور حجر اسود کے درمیان یہ دعا مانگتے ہوئے سنا،"اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی خیر و برکت دے اور آخرت میں بھی خیر و برکت دے اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا۔ (ابو داؤد)

## 210. Supplication while passing between Rukun-e-Yamaani and Hajr-e-Aswad:

Abdullah Bin saib رضی اللہ عنہ narrated that he heard the Messenger of Allah ﷺ recite these words while passing between Rukun-e-Yamani and Hajr-e-Aswad; "O our Lord! Grant us the best in this life and the best in the hereafter, and protect us from the punishment of the Fire. "

## ۲۱۱۔طواف کی دعا

طواف کی حالت میں بیت اللہ کے گرد چکر لگاتے ہوئے کوئی خاص دعا صحیح سند سے مروی نہیں قرآن وسنت کی مختلف دعائیں پڑھی جاسکتی ہیں، البتہ عام تسبیحات میں سے یہ دعا پڑھنی مسنون ہے۔ **"سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ."**

اللہ کی ذات پاک ہے اور تعریف اللہ ہی کیلئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے اور طاقت اور زور کسی کو نہیں سوائے اللہ کے

## 211. Supplication for tawaf( going around ka'bah)

No specific supplication is proven for recitation while going around the Ka'bah. However, the following is preferred. "Glory be to Allah, All praise is to Allah, there is no god but Allah. There is no power and no strength except in Allah."

## ۲۱۲۔طواف کے بعد کی دو رکعتیں:

طواف کے بعد یہ آیت تلاوت کریں.

**وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى** (البقرة ۱۲۵)

اور جس جگہ ابراہیم کھڑے ہوتے تھے اسکو نماز کی جگہ بنالو ۔

پھر مقامِ ابراہیم کے پاس دو رکعت پڑھیں۔پہلی رکعت میں **قل یا ایھا الکفرون**،اور دوسری رکعت میں **قل ھو اللہ احد** پڑھنی مسنون ہے۔(مسلم)

## 212. Two rakah prayer for Tawaaf

After Tawaaf recite the verse,"And make, [O believers], the standing place of Abraham a place of prayer. (A l-Baqarah:125) And then, offer two rakat prayer. In those two rakat the Prophet of Allahﷺ recited the surah Qul yaa aiyyuhal Kafiroon (surah Al-Kafiroon) and surah Qul hu-Allahu Ahad (Surah Al-Ikhlas).

(Muslim)

ملتزم کے پاس دعا مانگنی مسنون ہے۔مگر اس کیلئے کوئی دعا وارد نہیں۔ (ابوداؤد)

It is the Prophet'sﷺ practice to supplicate near the spot called "Multazim" (Abu Dawud)

However, no specific supplication is recommended.

## کعبہ کے اندر

کعبہ کے اندر دو رکعتیں پڑھنی، اور دعا مانگنی، توبہ واستغفار کرنا، ہر کونے میں تکبیر وتہلیل، تسبیح اور حمد وثنا کرنا مسنون ہے، حطیم نصف دائرہ کی شکل کی ایک دیوار ہے، جو خانہ کعبہ کا حصّہ ہے۔ خانہ کعبہ کے اندر عبادت کا شوق رکھنے والے حطیم میں عبادت کریں (بخاری)

## In the Ka'bah

It is the Sunnah of Prophetﷺ to offer two rak'at of prayer, in the Ka'bah, followed by supplications asking for forgiveness of one's sins and mistakes and praise Allah in each of the four corners of ka'bah. Hateem is a half circle wall which is a part of the Ka'abah. Anyone who wish to pray inside the Ka'abah, should pray in the Hateem. (Bukhari)

## ۲۱۳۔ حرم سے نکلنے کی دعا:

اس کیلئے کوئی دعا ثابت نہیں ہے، البتہ عام مسجدوں سے نکلتے وقت جو دعا مسنون ہے وہی حرم سے نکلنے کے وقت بھی پڑھنی چاہیئے۔ باب نمبر ۱۴، دعا نمبر ۱۱۳ دیکھیں

## 213. Supplication for leaving the Al-Haram

There is no specific supplication related to the Messenger of Allahﷺ for this occasion. Hence one should supplicate the way one does while exiting any other masjid.

Note : Please see capter 14, supplication No. 113

## ۲۱۴۔زمزم پینے سے پہلے کی دعا

رسول اللہ ﷺ سے زمزم پینے سے پہلے کوئی خاص دعا ثابت نہیں۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِی اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ، " **مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ**". (ابن ماجه)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ "زمزم کا پانی جس ارادے سے پیا جائے وہ پورا ہوتا ہے۔" (ابن ماجہ)

## 214. Supplication before drinking Zum Zum

There is no special supplication that you would recite before drinking the Zum Zum water as there is no proof of the Messenger of Allah ﷺ doing so.

Jabir Bin Abdullah رضی اللہ عنہ narrated that he heard the Messenger of Allah ﷺ said," Drinking the Zum Zum water ,for any purpose, or wish, will make come true." ( Ibn Majah)

## ۲۔زمزم پینے کی دعا

كَانَ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ،اِذَا شَرِبَهُ ،قَالَ، **اَللّٰهُمَّ اِنِّيٓ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَّ رِزْقًا وَّاسِعًا، وَّ شِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَآءٍ.** (منذری)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما زمزم پیتے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اے اللہ! میں تجھ سے مفید علم اور وسیع رزق اور ہر بیماری سے شفاء کا سوال کرتا ہوں۔

## 2.Supplication for drinking Zamzam

Ibn Abbas رضی اللہ عنہ used to said this supplication while drinking Zamzam.

O Allah! I ask for knowledge that is beneficial, a livelihood which is great and cure from every ailment. (Munzri)

## ۲۱۵۔ سعی کی دعائیں

عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْ قِصَّۃِ حَجَّۃِ الْوَدَاعِ قَالَ ، ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْبَابِ اِلَی الصَّفَا فَلَمَّا دَنَا مِنَ الصَّفَا قَرَاَ ، **اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَآئِرِاللّٰہِ ، اَبْدَاُ بِمَا بَدَءَ اللّٰہُ بِہٖ** فَبَدَاَ بِالصَّفَا فَرَقٰی عَلَیْہِ حَتّٰی رَاَی الْبَیْتَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَۃَ فَوَحَّدَ اللّٰہَ وَ کَبَّرَہُ وَقَالَ ، **لَآ اِلٰـہَ اِلَّااللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ ، وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ ، لَآ اِلٰـہَ اِلَّااللّٰہُ ، وَحْدَہٗ اَنْجَزَ وَعْدَہٗ ، وَنَصَرَ عَبْدَہٗ ، وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ"** ثُمَّ دَعَا بَیْنَ ذٰلِکَ قَالَ مِثْلَ ھٰذَا ثَلَاثًا مَرَاتٍ (مسلم)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ حجۃ الوداع کا واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں، آپ ﷺ باب صفا سے، صفا پہاڑی کی طرف نکلے، جب صفا پہاڑی کے نزدیک پہنچے تو یہ آیت تلاوت فرمائی "بے شک صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں" میں سعی کی ابتداء اسی پہاڑی سے کرتا ہوں، جس کے ذکر سے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی ابتداء کی۔" پس آپ ﷺ نے سعی کی ابتداء صفا سے کی۔ آپ ﷺ صفا پہاڑی کی اتنی بلندی پر چڑھے کہ بیت اللہ شریف نظر آ گیا۔ پھر قبلہ رخ ہوئے، اور اللہ تعالیٰ کی توحید اور تکبیر ان الفاظ میں بیان فرمائی، "اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں بادشاہی اور حمد اسی کے لئے ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں وہ اکیلا ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کیا۔ اپنے بندے کی مدد فرمائی اور تمام لشکروں کو تنہا شکست دی" پھر اسکے درمیان دعا فرمائی، یہ عمل آپ ﷺ نے تین مرتبہ دہرایا . (مسلم)

## 215.Supplication for Sa'ee

Indeed, Safa and Marwah are among the symbols of Allah. After (reciting the verse), the Prophet ﷺ said," I begin Sa'ee from the very Safa mentioned in this verse by Allah."

Prophetof Allah ﷺ came to ( the hill of) Safa and ascended it to the point from where Ka'bah could be seen. He then stopped and with his face turned towards Ka'bah, occupied himself with the praise and glorification of the Lord.

"None has the right to be worshipped except Allah alone, without partner. To Him belongs all sovereignty and praise and He is over all things omnipotent. None has the right to be worshipped except Allah alone. He fulfilled His promise, aided His Servant and single-handedly defeated the allies.’

(Muslim)

## ۲۱۶۔صفااورمروہ کےدرمیان دعا

صفا اورمروہ کےدرمیان چلتے ہوئے آپ ﷺ سے پڑھنے کیلیۓ کوئی خاص دعامنقول نہیں،البتہ بعض صحابہ اکرام،حضرت علی رضی اللہ عنہ،حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اورعبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ دعامنقول ہے۔:

## 216. Supplication for walking in between As-Safa and Al-Murwah.

There is no special supplication related from the Prophet ﷺ while walking between Safa and Marwah, yet Ali bin Abu Talib رضی اللہ عنہ, Abdullah bin Umar رضی اللہ عنہما and Abdullah bin Masud رضی اللہ عنہ related this supplication,

رَبِّ اغْفِرْ، وَارْحَمْ، وَاَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ (ابی شیبة)

اے اللہ! بخش دے اور رحم فرما، تو ہی سب سے زیادہ عزت والا اور سب سے زیادہ بزرگ ہے۔

اسکے علاوہ قرآن وحدیث کی دعاؤں میں سے جو دعا چاہیں پڑھیں۔

O Lord! Forgive me, have mercy on me, You are the most honourable and most generous. (Abi shaybah)

Also recite any dua from the Quran and Hadith.